نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو کی زیر صدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی بہتر نگہداشت سے متعلق ایک روزہ ٹیکنیکل سیشن کا انعقاد

لاہور 31 جولائی 2023( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو نے کہا ہے کہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے فیلڈ فارمیشنز آئندہ ماہ فصل کی خصوصی نگہداشت کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی یقینی بنائیں تاکہ پیداواری ہدف کا حصول یقینی بنا کر ملکی معیشت کو مستحکم کیا جا سکے۔ وہ آج ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورت حال اور کیڑوں و بیماریوں کے کنٹول سے متعلق منعقدہ ٹیکنیکل سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔اس ٹیکنیکل سیشن میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، ایڈیشنل سیکرٹریز ٹاسک فورس شبیر احمد خان وامتیاز احمد وڑائچ، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، سید حسن رضا سمیت محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے ڈویژنل، ڈسٹرکٹ اور تحصیل افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو نے محکمہ زراعت کے فیلڈ عملہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اگست کا پورا مہینہ کاٹن ایمرجنسی کے طور پر فرائض انجام دیں اور اس ضمن میں سونپی گئی ذمہ داریوں پر من وعن عمل کیا جائے تاکہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جا سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ موجودہ موسمی صورت حال کو دیکھتے ہوئے زیادہ الرٹ رہنے کی ضرورت ہے۔کپاس کی نگہداشت کے اس اہم مرحلہ پر کسی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے تمام متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ فیلڈ وزٹ کو بڑھائیں اور کاشتکاروں کی رہنمائی کے سلسلہ میں جاری سرگرمیوں میں اضافہ کریں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے مارکیٹ میں معیاری زرعی زہروں کی مقرر کردہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے سخت مانیٹرنگ کی بھی ہدایت کی تاکہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی یقینی بنائی جا سکے۔انھوں نے کہا کہ کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے ضلعی و ڈویژنل سطح پر ایڈوائزری کاشتکاروں کو پہنچائی جا رہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کپاس کی آلائشوں سے پاک صاف چنائی کیلئے لیڈی فیلڈ آفیسرز چنائی کرنے والی عورتوں کی فنی راہنمائی کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ ٹیموں کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کیلئے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرلز زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ نے کپاس کی موجودہ صورت حال اور فصل پر کیڑوں و بیماریوں کے حملہ کی شدت اور ان کے تدارک بارے شرکا کو تفصیلاً بریفنگ دی۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو نے ٹیکنیکل سیشن کے اختتام پر کہا کہ کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کیلئے اس طرح کے مزید سیشن ہونے چاہیں تاکہ تمام ماہرین و دیگر سٹیک ہولڈرز فصل کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے بارے میں تمام فیلڈ افسران اپنے تجربات و مسائل کے باہمی تبادلہ خیال کے بعد مفصل لائحہ عمل تیار کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار اور صاف چھٹی کا حصول اصل مقصد ہے جس کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو محنت کرنا ہوگی۔

☆☆☆☆